SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

PRESS RELEASE

For immediate release

December 19, 2018

پالیسی بورڈ نے ایس ای سی پی کو فیسوں میں کمی کی ہدایت کر دی

اسلام آباد(19 دسمبر)سکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان کے پالیسی بورڈ نے کمیشن کو تمام ریگولیٹری فیسوں میں کمی کی ہدایت کر دی ہے۔ ایس ای سی پالیسی بورڈ کا اجلاس، بورڈ کے چیئر مین خالد مرزا کی زیر صدارت بدھ کے روز اسلام آباد میں ہوا۔

پالیسی بورڈ نے، بورڈ کی ریگولیشنز کمیٹی کی سفارش پر کمیشن کو ہدایت کی ہے کہ مالیاتی شعبے کو فروغ دینے کے لئے ہر قسم کی ریگولیٹری فیسوں میں کمی کی جائے تاکہ سرمایہ کاروں کو سہولت دی جائے اور ملک میں کاروبار کرنے اور سرمایہ کاری کو مزید آسان بنایا جائے۔ بورڈ کے چیئر مین خالد مرزا نے کہا کہ ہمیں مالیاتی شعبے کے لئے مفید اور آسان ریگولیشنز کی جانب پیش قدمی کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ریگولیٹری قوائد وضوابط کو آسان بنانا نہایت اہم ہے۔ ہمیں سرمایہ کاروں کو آسان، سادہ اور کم خرچ ریگولیٹری نظام فراہم کرنا ہے اور اس نظام کی منصفانہ انفورسمنٹ کو یقینی بنانا ہے۔

اس موقع پر پاکستان سٹاک ایکسچینج (پی ایس ایکس) کے چیئر مین نے سٹاک مارکیٹ کے انٹرمیڈ ئیریز اور دیگر آپریٹرز کو درپیش انضباطی اور پالیسی مسائل پر بریفنگ دی۔ بورڈ نے اصولی طور پر پی ایس ایکس کی جانب سے تجویز کئے گئے تمام اقدامات بشمول لائسنس کی سالانہ تجدید کی شرط کے خاتمے، میوچل فنڈز کے زیرِانصرام ہر ایک روپے پر آٹھ بی پی ایس فیس کم کر کے دو بی پی ایس پر لانے سمیت مالیاتی صنعت کے فروغ کے لئے دیگر تجاویز سے بھی اتفاق کیا۔ واضح رہے کہ میوچل فنڈز ایک روپے پر آٹھ بی پی ایس فیس کی وجہ سے سالانہ پینتالیس کروڑ روپے کی لاگت برداشت کرتے تھے۔ بورڈ نے اس بابت کمیشن کو ہدایات جاری کر دی ہیں۔

پالیسی بورڈ کے اجلاس میں بیمہ صنعت کو درپیش چیلنجز اور مسائل سے عہدہ برآ ہونے کے لئے ایک بیمہ کمیٹی بھی تشکیل دی ہے۔ پالیسی بورڈ کے گزشتہ اجلاس میں اوورسائٹ، ریگولیشن اور گوورننس کمیٹیاں تشکیل دی گئی تھیں۔ ان کمیٹیوں نے اجلاس میں اپنے شعبوں کے بارے میں اپنی سفارشات اور تجاویز پیش کیں۔

ایس ای سی پی ایکٹ 1997 کی دفعہ 12 کی پیروی میں ایس ای سی پی پالیسی بورڈ نجی شعبہ کے معروف ماہرین کے ساتھ ساتھ خزانہ، تجارت، قانون کی وزارتوں کے نمائندوں نیز ایس ای سی پی اور سٹیٹ بینک کے عہدیداروں پر مشتمل ہے۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005